فوری ریلیز کے لیے: 2022/22/12 ***KATHY HOCHUL گورنر***

 # گورنر HOCHUL کی جانب سے HON. HECTOR D. LASALLE کی ریاست نیو یارک کی اپیلوں کی عدالت کے سربراہ جج کے طور پر تقرری

ماہر قانون دان، LaSalle ٹھوس تجربے کی بنیاد پر اتفاق رائے قائم کرتے ہیں اور انصاف تک رسائی کے عمل کو فروغ دیتے ہیں

Hon. Edwina G. Richardson-Mendelson بطور سربراہ انتظامی جج خدمات انجام دیں گی

گورنر Kathy Hochul نے آج نیو یارک کے سپریم کورٹ کے ثانوی شعبے کے نگران جج، عزت مآب جناب Hector D. LaSalle کو ریاست نیو یارک کی اپیلوں کی عدالت کے اگلے سربراہ جج کے طور پر نامزد کیا ہے۔ بطور سربراہ جج، LaSalle جج نیو یارک کی سب سے بڑی عدالت کی قیادت کی ذمہ داری سنبھالیں گے اور ریاستی عدلیہ کے تمام شعبے کی نگرانی کریں گے۔ علاوہ ازیں، گورنر Hochul نے جج LaSalle کی جانب سے عزت مآب جنابہ Edwina G. Richardson-Mendelson کی سینیٹ سے تصدیق ہونے پر بطور سربراہ انتظامی جج تقرری کے فیصلے کی پُرزور حمایت کا بھی اعلان کیا ہے۔ سربراہ انتظامی جج کی ذمہ داری ریاست گیر عدالتی نظام کی روزانہ کی کارروائیوں کی نگرانی کرنا ہے۔

"نیو یارک کی اپیلوں کی عدالت انصاف کے مینارۂ نور کی طویل تاریخ رکھتی ہے، اور اس روایت کو قائم رکھنے میں LaSalle جج ایک عظیم قانون دان کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ہماری اعلیٰ ترین عدالت کو ملکی رہنما کے طور پر دیکھا جائے، اس امر کو یقینی بنانے کے لیے ان کے پاس مہارتیں، تجربہ، اور فہم و فراست موجود ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "جج LaSalle اتفاق رائے کے معمار کے طور پر ایک مثالی ساکھ رکھتے ہیں، اور مجھے یقین ہے کہ وہ انصاف کی فراہمی کے لیے عدالت کو متحد کرنے کی صلاحیت کے حامل ہیں۔ انہوں نے ملک کے اندر ریاست کی اپیلوں کی اعلیٰ ترین عدالت کی مؤثر انداز میں قیادت کی ہے، اور جج Richardson-Mendelson کے ساتھ مل کر، میں جانتی ہوں کہ وہ نیو یارک کے باشندوں کی انصاف تک رسائی میں توسیع کو مرکزی اہمیت دیں گے۔ اپنے حقوق کے تحفظ اور نیو یارک کی اقدار کی بالادستی کی بات ہو، تو ہماری ریاستی عدالتیں اب پہلے سے زیادہ اہمیت کی حامل ہیں، اور مجھے یقین ہے کہ جج LaSalle عدالت کو اسی مقصد کے حصول کی جانب رواں دواں رکھیں گے۔"

"گورنر Hochul نے مجھ خاکسار کو نامزد کیا، میں اس شاندار عزت افزائی پر ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میں انصاف کو قائم رکھتے ہوئے، اور نیو یارک کے باشندگان کے حقوق کی حفاظت کرتے ہوئے، دیانتداری و شفافیت کے ساتھ عدالتی قیادت کے لیے پُرعزم ہوں،" **جج LaSalle نے کہا۔** "تصدیق ہونے پر، میں بطور سربراہ انتظامی جج خدمات کی انجام دہی کے لیے عزت مآب جنابہ Edwina G. Richardson-Mendelson کی تقرری کا ارادہ رکھتا ہوں، اور نیو یارک کے تمام باشندوں کی فلاح کی خاطر اپنی عدالتوں کے ممکنہ حد تک مستعد و مؤثر انداز میں کام کرنے کے سلسلے میں ان کے ساتھ مصروفِ عمل ہونا میرے لیے باعثِ افتخار ہو گا۔"

2021 سے لے کر اب تک ذیلی شعبے کے نگران جج کے طور پر، جج LaSalle نے، 21 ساتھی ججوں، 400 سے زائد غیر عدالتی ملازمین کے ہمراہ، اور تقریباً $69 ملین بجٹ کے ذریعے، ملک کے مصروف ترین اور سب سے

بڑی اپیلوں کی ریاستی عدالت کی قیادت سنبھالی ہے۔ 2008 میں ریاست نیو یارک کے سپریم کورٹ کے جج منتخب ہونے کے بعد، انہیں 2014 میں ثانوی شعبے کے ساتھی جج کے طور پر تعینات کیا گیا تھا۔

سابقہ طور پر جج LaSalle نے 1993 سے 1998 تک اور 2002 سے 2008 تک سافک کاؤنٹی کے ڈسٹرکٹ اٹارنی کے دفتر میں اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ اٹارنی کے طور پر اپنی خدمات انجام دیں، جس وقت وہ خصوصی تفتیشی بیورو (Special Investigation Bureau) کے ڈپٹی بیورو چیف تھے۔ DA (ڈسٹرکٹ اٹارنی) کے دفتر میں اپنی مدتِ ملازمت کے دوران، انہوں نے 1998 سے 1999 تک رسکن موسکو فلٹی شیک (Ruskin Moscou Faltishek, P.C. P.C) میں ایسوسی ایٹ کے طور پر کام کیا اور وہ 1999 سے 2002 تک اسسٹنٹ اٹارنی جنرل کے عہدے پر فائز رہے۔

تصدیق ہونے پر، جج LaSalle پہلے لاطینی سربراہ جج کے طور پر تاریخ رقم کریں گے۔ ان کے والدین پورٹو ریکو میں پیدا ہوئے، جبکہ انہوں نے لانگ آئیلینڈ میں پرورش پائی، انہوں نے برینٹ ووڈ ہائی سکول سے گریجویشن کی اور وہ اپنے خاندان کے پہلے فرد تھے جنہوں نے کالج کی ڈگری حاصل کی۔ 1990 میں جج LaSalle نے پنسلوانیا سٹیٹ یونیورسٹی سے بیچلرز کی ڈگری حاصل کی، جبکہ 1993 میں انہوں نے یونیورسٹی آف مشیگن لاء سکول سے قانون کی ڈگری حاصل کی۔ وہ نیو یارک سٹیٹ بار ایسوسی ایشن، سافک کاؤنٹی بار ایسوسی ایشن، NYS کی لاطینی ججز کی ایسوسی ایشن اور پورٹو ریکو بار ایسوسی ایشن کے رکن ہیں۔

عزت مآب جنابہ Honorable Edwina G. Richardson-Mendelson 2017 سے نیو یارک کے متحدہ عدالتی نظام (New York Unified Court System) کی ڈپٹی سربراہ انتظامی جج برائے انصاف کے اقدامات (Deputy Chief Administrative Judge for Justice Initiatives) اور دعویٰ جاتی عدالت کی جج رہی ہیں۔ اس منصب پر فائز ہوتے ہوئے، مالی حیثیت، پس منظر یا قابلیت سے قطع نظر، وہ نیو یارک کے ہر باشندے کے لیے دیوانی، فوجداری اور خاندانی عدالتوں میں انصاف تک بامقصد رسائی کے حصول کو یقینی بنانے کے لیے مصروفِ عمل رہتی ہیں۔ جج Richardson-Mendelson یکساں عدالتی انصاف کے اقدام (Equal Justice in Courts Initiative) کی قیادت کی ذمہ داری بھی سنبھالے ہوئے ہیں تاکہ وہ ریاست کے عدالتی نظام کے اندر نسلی تعصب کے حوالے سے یکساں انصاف کے خصوصی مشیر Jeh Johnson کی تجاویز کا نفاذ کر سکیں، نیز ریاست نیو یارک کی عدالتوں میں صنفی انصاف کے فروغ کی خاطر ریاست نیو یارک کی عدالتی کمیٹی برائے عدالتوں میں موجود خواتین کی جانب سے پیش کردہ سفارشات پر عمل درآمد کروا سکیں۔ جج Richardson-Mendelson کو 2017 میں دعویٰ جاتی عدالت میں تعینات کیا گیا تھا اور وہ تاحال اس بنچ کا حصہ ہیں۔ نیو یارک شہر کی رہائشی عدالت، خاندانی عدالت، اور سپریم کورٹ میں کلائنٹس کی نمائندگی کرنے کے بعد، جج Richardson-Mendelson پہلے کوئینز کاؤنٹی کی خاندانی عدالت میں کورٹ اٹارنی ریفری کے طور پر عدالتی نظام کا حصہ بنیں۔ وہ 2003 میں خاندانی عدالت کی جج، 2008 میں کوئینز کاؤنٹی کی نگراں خاندانی عدالت کی جج بنیں، اور اس کے ایک سال بعد، انہیں نیو یارک شہر کی تمام خاندانی عدالتوں کی انتظامی جج کے عہدے پر ترقی دی گئی۔ جج Richardson-Mendelson نے CUNY لاء سکول سے گریجویشن کی، انہوں نے فوجداری انصاف میں Ph.D. کی ڈگری حاصل کی، اور وہ جوہن جے کالج برائے فوجداری انصاف (John Jay College of Criminal Justice) اور ہوفسٹرا لاء سکول (Hofstra Law School) میں معاون پروفیسر رہی ہیں۔

ادارہ قانون ساز اپیلوں کی عدالت کے سربراہ جج کے انتخابی طریقہ کار کی نگرانی کرتا ہے، جبکہ ریاستی کمیشن برائے عدالتی نامزدگی اس کی قیادت کرتا ہے۔ مذکورہ کمیشن سات امیدواران پر مشتمل ایک فہرست گورنر کو ارسال کرتا ہے، جس میں سے نامزد کرنے کے لیے انہوں نے ایک امیدوار کو لازماً منتخب کرنا ہوتا ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں